نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ سر آغاخان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

# پریس ریلیز

## محکمہ زراعت پنجاب نے کپاس کی بہتر نگہداشت کیلئے سفارشات جاری کر دیں

**لاہور25جولائی2024:** ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق کپاس کے کاشتکار کاشتی امور محکمہ موسمیات کی موسمی پیشن گوئی کو مد نظر رکھتے ہوئے مکمل کریں۔پٹریوں پر اور ڈرل سے کاشتہ فصل کو ضرورت کے مطابق پانی لگائیں۔کپاس کے کاشتکار واٹر سکاؤٹنگ باقاعدگی سے کریں یعنی اگر پھول چوٹی پر نظر آئے یا شام کے وقت بنے گہرے سبز اور مرجھائے ہوئے نظر آئیں یا تا سرخی مائل نظر آئے تو پانی لگائیں۔ کپاس کی فصل کو پھول آنے پر پانی کی کمی ہر گز نہ آنے دیں۔کھادوں کا استعمال زمین کے تجزیئے کے مطابق کریں۔نائٹروجن کھاد کو تین یا چار اقساط میں فصل کے اہم مراحل یعنی پھول آنے پر، ٹینڈے بننے کے بعد اور پہلی چنائی کے بعد ڈالیں۔نائٹروجنی کھاد کے استعمال کو اگست کے آخری ہفتے تک مکمل کرلیں۔کپاس کی تین جین والی اقسام کی کاشت کی صورت میں جب فصل 25 سے 35 دن کی ہو جائے تو صرف جڑی بوٹیاں اگنے کی صورت میں وتر کی حالت میں 1500 تا1800 ملی لیٹر گلائیفوسیٹ سپرے کریں۔زیادہ بارشوں کی صورت میں فوری فصل کو بارش کے زائد پانی کے نقصان سے محفوظ رکھنے کیلئے اضافی پانی کو فوری طور پر کھیت سے نکالا جاسکے۔کپاس کے کھیت میں اگر بارش کا پانی 24 گھنٹے سے زیادہ کھڑا رہے تو بڑھوتری رک جاتی ہے۔ایسی صورت میں میگنیشم سلفیٹ بحساب 500 گرام اور 2 کلو گرام یوریا فی ایکڑ سپرے کریں۔کپاس کے کھیتوں کے ارد گرد سفید مکھی، ملی بگ اور پتہ مروڑ وائرس کے میزبان پودوں کی تلفی کو یقینی بنائیں اور اگر کپاس کی فصل پر ان کا حملہ نقصان کی معاشی حد سے زیادہ ہو تو محکمہ زراعت توسیع یا پیسٹ وارننگ کے مقامی عملہ کے مشورہ سے زرعی زہروں کا سپرے کریں

☆☆☆☆